N 703

Seat No. | | | | | | | |

2022 VII 27 1030 -N 703- URDU (04) (FIRST LANGUAGE) (U)

(REVISED COURSE)

Time : 3 Hours (Pages 18) Max. Marks : 80

ہدایات :

(۱) 'سرگرمی نامے' میں دی ہوئی ہدایات کے مطابق خاکے صرف پین سے بنائیں۔

(۲) تحریری حصّے کی سرگرمیوں میں خاکے بنانے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی سوال لکھنا ضروری ہے۔ اشتہار کے لیے تصویر و تزئین کاری کے نمبرات نہیں ہیں۔ اس لئے وقت ضائع نہ کریں۔

(۳) 'سرگرمی نامے' کی معروضی سرگرمیاں اور قواعد پر مبنی سرگرمیوں کی جانچ ممتحن ہدایات کے عین مطابق کرتا ہے، اس لئے ہدایات بغور پڑھیں۔

(۴) 'سرگرمی نامے' کا تحریری حصّہ جانچتے وقت ممتحن آپ کی تحریری مہارت، مؤثر اندازِ بیان، پُرکشش خیالات، مناسب الفاظ، جملوں کا تسلسل، برمحل موزوں اشعار، محاورے، کہاوتیں اور بولی کا صحیح استعمال، اِملا پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے نمبرات تفویض کرتا ہے۔

(۵) خوش خطی اور صفائی کا خیال رکھیں۔


P.T.O.

2/N 703

حصہ 1 — نثر: کُل نمبرات : 18

۱۔ (الف) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کرکے ذیل کی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے: 7

(ا) اقتباس کی مدد سے شبکی خاکہ مکمل کیجیے: 2



رسولِ اکرم ﷺ نے تین سو کھجور کے درختوں اور چالیس اوقیہ سونا معاوضہ دے کر حضرت سلمانؓ کو آزاد کرا لیا۔ اب وہ جنگوں میں اپنی صلاحیتوں کا آزادانہ استعمال کرنے لگے۔ مشرکینِ مکہ اور یہودیوں نے مل کر جسے مدینے پر حملے کی تیاریاں شروع کیں، اس وقت مدینے کو دشمنوں سے محفوظ رکھنے کے لیے حضرت سلمان فارسیؓ نے شہر کے گرد خندق کھودنے کا مشورہ دیا جسے آپ ﷺ نے پسند فرمایا۔ خندق کھودی گئی جو اتنی گہری اور چوڑی تھی کہ دشمنوں کے گھوڑے


بھی اسے پار نہیں کر سکے اور انہیں پسپا ہونا پڑا۔ خندق کی کھدائی کی وجہ سے اس غزوے کو غزوۂ خندق کہا جاتا ہے۔ اس جنگ کے بعد حضرت سلمانؓ مختلف جنگوں میں شریک ہوتے رہے۔ طائف کی جنگ میں ان کی ایما پر مسلمانوں کی جانب سے منجنیق کا استعمال ہوا۔ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے دور میں بھی حضرت سلمان فارسیؓ نے بہت سے جنگی کارنامے انجام دیے۔ حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں جب ایران پر لشکر کشی کی گئی تو اس وقت خود سلمان فارسیؓ اسلامی لشکر کی رہنمائی فرما رہے تھے۔ آپؓ نے اوّلاً اپنے ہم وطن ایرانیوں کو مخاطب کیا اور انہیں سمجھایا، ''میں تم ہی میں سے ایک آدمی ہوں۔ تم دیکھتے ہو کہ عرب میری عزّت کرتے ہیں۔ اگر تم اسلام لے آئے تو تمہارے لیے ویسے ہی حقوق ہوں گے جیسے ہمارے لیے ہیں۔ تم پر وہی احکام واجب ہوں گے جو ہم پر ہیں۔'' لیکن ایرانیوں نے ان کی باتیں ماننے سے انکار کر دیا تو جنگ لڑی گئی اور دشمن کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

(۲) ایران پر لشکر کشی میں حضرت سلمانؓ کے قائدانہ کردار کی وضاحت اپنے الفاظ میں کیجیے۔ 2

(۳) حضرت سلمان فارسیؓ کی جنگی حکمتِ عملی پر اپنی رائے تحریر کیجیے۔ 3

(ب) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کرکے ذیل کی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے: 7

(ا) عورتوں کے مزاج اور نفسیات کے پیش نظر لکھی گئی نظموں کی مدد سے خاکہ مکمل کیجیے: 2



فقیر اللہ شاہ نے البتہ اپنے پھگڑی نامے میں کہا ہے کہ جس طرح پھگڑی کے کھیل میں ہاتھوں کے چھوٹ جانے اور پیروں کے ڈگمگا جانے سے دور پھینکے جانے کا خدشہ رہتا ہے، اسی طرح صراطِ مستقیم پر چلتے ہوئے نفس اور شیطان کے وسوسوں سے پاؤں ڈگمگا جائیں اور اللہ کی رسّی ہاتھ سے چھوٹ جائے تو دوزخ کے عمیق گڑھے میں گر جاؤ گے۔

مراٹھی لوک ادب میں 'زاتے گیت' یعنی چکی پر گائے جانے والے گیتوں کی روایت رہی ہے۔ عورتیں بالعموم صبح کے وقت پتھر کی چکی پر اناج پیسا کرتی

تھیں۔ چکی پیستے وقت تھکان دور کرنے کے لیے عورتیں گیت بھی گاتیں۔ یہ لوک گیت مراٹھی شاعری کا ایک حصہ بن گئے ہیں۔ اُردو میں تعلیم نسواں کے لیے ہمارے صوفیائے کرام نے اسی قبیل کے گیت 'چکی نامے' کے عنوان سے لکھے ہیں۔ ان میں ایک 'چکی نامہ' خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ سے منسوب ہے۔ اس گیت میں کہا گیا ہے کہ ''تن کی چکی کو شریعت کی کیل پر ایمان کے دستے کے سہارے اتنا گھماؤ کہ سوتن (شیطان) تھک جائے۔''

اس سے پتا چلتا ہے کہ عورتوں کے مزاج اور ان کی نفسیات کو پیش نظر رکھ کر ہی اس طرح کے چکی نامے لکھے گئے ہیں۔ میراں جی اور فاروقی دکنی کے چکی نامے بھی اُردو کے لوک ادب میں شمار ہو سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ تربیتِ نسواں کے لیے جس طرح مراٹھی میں 'پالنے گیت'، 'بھوپالی' وغیرہ لکھے گئے، اُردو میں 'لوری نامے'، 'جھولنا نامے'، 'سہاگن نامے' جیسی نظمیں عورتوں کی اصلاح کے لیے لکھی گئی ہیں۔ اردو میں اس ادبی ثقافت کو مراٹھی کی تقلید کہا جا سکتا ہے۔ ان منظومات میں اگرچہ ادبیت کی کمی ہے لیکن عوامی ادب میں ان کا مقام مسلّم ہے۔

(۲) فقیر اللہ شاہ کے پھگڑی نامے کے پیغام کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2

(۳) تعلیمِ نسواں کے فروغ کے لیے صوفیاء کرام کی خدمات بیان کیجیے۔ 3


6/N 703

(ج) درج ذیل غیر درسی اِقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے:

4

(ا) انگریز قوم کی 'خوبیاں اور خامیاں' سے متعلق شبکی خاکے میں مناسب الفاظ لکھیے۔

2



انگریز دنیا کی سب سے زیادہ عیار و مکار و ذہین و دور بین قوم واقع ہوئی ہے۔ جب انگریز ہندوستان آئے تھے تو اس ارادے سے نہیں آئے تھے کہ اس ملک پر قبضہ کریں گے اور نہ ہی اس لیے آئے تھے کہ وہ یہاں رچ بس جائیں گے بلکہ صرف تجارت کر کے کمانے کھانے آئے تھے۔ مگر ہندوستان کے حالات نے آگے چل کر انہیں یہ سمجھ آیا کہ یہاں حکمرانی بھی کی جا سکتی ہے چنانچہ انہوں نے یہاں سے اس کی داغ بیل ڈال دی اور جب انہوں نے یہاں پوری

طرح سے اپنے پاؤں جما لیے تو اپنی حکومت کے استحکام و بقا کی راہ میں انہیں
ایک ہی سنگِ گراں نظر آیا وہ ہندو مسلم اتحاد تھا۔ لہٰذا انہوں نے یہ ضروری سمجھ
کہ وہ دونوں قوموں کے اس اتحاد کو کسی طرح ختم کر دیں اور ان دونوں کے
درمیان ایک گہری خلیج حائل کر دیں جو کبھی بھی کسی طرح پاٹی نہ جا سکے۔ او
انگریزوں کے خلاف آئندہ کوئی متحدہ محاذ قائم ہی نہ ہو سکے۔ اور یہ زہر ہندوؤں
اور مسلمانوں کے جسم میں دن بہ دن گھلتا ہی چلا جائے چاہے انگریز اس ملک میں
رہیں یا نہ رہیں۔ چنانچہ اس پروگرام پر عمل درآمد کرنے کے لیے انہوں نے غو
وفکر کے بعد ایسا زہریلا انجکشن تجویز و منتخب کیا جو لگاتے ہی دل کو باکیف و صحت
بخش معلوم ہو لیکن انجام کار وہ سارے اعصاب و تمام عضلات کو تباہ و برباد
ڈالے۔

(۲) انگریزوں کا ہندوستان میں ہندو مسلم منافرت کا بیج بونے کے بار۔
اپنی رائے پیش کیجیے۔

ت کے

4

الفاظ

2

ئی

ں

ں

لے

پہ

ا

8/N 703


حصہ 2 — نظم: کُل نمبرات : 16

۲۔ (الف) درج ذیل درسی نظم کے اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے :

6

(ا) پاسبانوں کی خصوصیات سے متعلق اقتباس سے مناسب لفظ چن کر شبکی خاکہ مکمل کیجیے :

2



اُٹھے پھر ترا نام لے کر جواں کچھ جری، حوصلہ مند، سچّے جیالے
ہلا ڈالے ایوان اک سلطنت کے ترے پاسباں تھے بڑی آن والے
تری واپسی کر رہی تھی یہ اعلان کہ مٹتے نہیں ظلمتوں سے اُجالے
سہے جو سِتم، بن گئے سب فسانہ تلافی کا اب آ رہا تھا زمانہ
ہوئی آہ، لیکن یہ کیسی تلافی دوبارہ مِلا جنگلوں میں ٹھِکانہ
صلیب ایک باقی تھی جو مامتا کی اسے بھی تو لازم تھا تنہا اٹھانا

9/N 703

عجب ہیں یہ اسرارِ وصل و جدائی کہ منزل کو پا کر بھی منزل نہ پائی
یہ کیسا ستم تھا کہ عفت کی دیوی ثبوت اپنی عفت کا دینے کو آئی
وہ شعلے کی مانند شعلوں سے گذری وہ بجلی سی بن کر زمیں میں سمائی


(۲) دوسرے بند کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2

(۳) درج ذیل شعر کی تشریح اس طرح کیجیے کہ شاعر کا حسنِ تخیل واضح ہو جائے: 2

وہ شعلے کی مانند شعلوں سے گذری
وہ بجلی سی بن کر زمین میں سمائی

(ب) درج ذیل شعری اقتباس کو بغور پڑھ کر دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے: 6

(ا) خاکے میں دیئے گئے الفاظ کے لیے غزل سے موضوع الفاظ تلاش کر کے لکھیے: 2



عیش سے کیوں خوش ہوئے، کیوں غم سے گھبرایا کیے
زندگی کیا جانے کیا تھی اور کیا سمجھا کیے

ناخدا بے خود، فضا خاموش، ساکت موجِ آب

اور ہم ساحل سے تھوڑی دور پر ڈوبا کیے

وہ ہوائیں، وہ گھٹائیں، وہ فضا، وہ اُس کی یاد

ہم بھی مضرابِ اَلم سے سازِ دل چھیڑا کیے

مختصر یہ ہے ہماری داستانِ زندگی

اک سکونِ دل کی خاطر عمر بھر تڑپا کیے

کاٹ دی یوں ہم نے، جذبی، راہِ منزل کاٹ دی

گر پڑے ہر گام پر، ہر گام پر سنبھلا کیے

(۲) شاعر کے ڈوبنے کے منظر کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2


(۳) درج ذیل شعر کے معنوی حسن کو واضح کیجیے: 2

وہ ہوائیں، وہ گھٹائیں، وہ فضا، وہ اُس کی یاد

ہم بھی مضرابِ اَلم سے سازِ دل چھیڑا کیے

(ج) درج ذیل شعری اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے استحسانِ کلام کی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے: 4

(ا) شعری اقتباس پر مبنی درج ذیل خاکہ مکمّل کیجیے: 2



(۲) رباعی کا مفہوم بیان کیجیے۔ 2

حصہ 3 — اِضافی مطالعہ: کُل نمبرات: 6

۳۔ درج ذیل سرگرمیوں میں سے کوئی دو سرگرمیاں مکمل کیجیے: 6

(ا) ڈرامہ ''قِصہ سوتے جاگتے کا'' میں سے کسی ایک کا تعارف مختصراً تحریر کیجیے۔ 3

(۲) ابوالحسن کے قیدخانے کے واقع کو مختصراً بیان کیجیے۔ 3

(۳) خلیفہ کے مذاق اور حکم کو واضح کیجیے۔ 3

حصہ 4 — قواعد: کُل نمبرات: 16

۴۔ (الف) ہدایات کے مطابق سرگرمیاں مکمل کیجیے: 10

(ا) درج ذیل جملوں میں مفرد، مرکب اور مخلوط جملے پہچانیے: 2

(i) پروین خیالات کے سمندر میں غوطے لگا رہی تھی۔

(ii) تحریک آزادی کا درخت برگ و بار لایا تو اس کی فصل کا لوگوں میں بٹوارہ ہو گیا۔

12/N 703

(۲) درج ذیل جملوں میں خط کشیدہ کی جگہ محاورے استعمال کیجیے : 2

(i) بعض بچے اتنا فضول خرچ کرتے ہیں کہ والدین کا زبردست نقصان ہو جاتا ہے۔

(ii) آج کے دور میں ملازمت حاصل کرنے کے لیے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(۳) درج ذیل جملوں کے لیے مناسب کہاوت لکھیے : 2

(i) جس میں طاقت ہو اسی کا قبضہ ہوتا ہے۔

(ii) بہاریں چند دن کی ہیں پھر موسمِ خزاں آجائے گا۔

(۴) ذیل کی تعریف کے لیے ایک لفظ لکھیے : 2

(i) تشبیب، گریز، مدح، حسن طلب، دعا ان اجزاء پر مشتمل صنف کیا کہلاتی ہے؟

(ii) وہ نظم جس میں حضور ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے۔

(۵) درج ذیل شعر کی صنعت پہچان کر تعریف لکھیے: 2

چرخ تک ہو گیا ہے پانی جو

ماہ و ماہی ہیں ایک جا پر دو

(ب) ہدایات کے مطابق ذیل کی سرگرمیاں مکمل کیجیے: 6

(۱) ذیل کی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق حل کیجیے: 1

(i) آپ ﷺ کی پشت پر موجود مہر نبوت پر حضرت سلمان فارسیؓ کی نظر پڑ گئی۔

(زیر اضافت کا لفظ خط کشیدہ کیجیے۔)

(ii) ساری کھجوریں اپنے صحابہؓ کو کھلا دی۔

(حرف جار کو خط کشیدہ کیجیے۔)

(۲) غبار خاطر کے خطوط سے ہمیں علم ہو چکا ہے۔ 1

(دیے گئے جملے میں مضاف اور مضاف الیہ تلاش کر کے لکھیے۔)

14/N 703

(۳) درج ذیل فقروں کے لیے مناسب لفظ تحریر کیجیے : 1

(i) ترجمہ کرنے والا _____

(ii) تحریر کرنے والا _____

(۴) درج ذیل سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے : 2

(i) دیے گئے لفظ کو اعراب لگا کر دو بامعنی لفظ بنائیے :

دھن

(ii) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے :

(1) مرحمت

(2) تاوان

(۵) مناسب سابقہ/لاحقہ لگا کر ایک ایک بامعنی لفظ بنائیے : 1

(i) بے

(ii) ساز

15/N 703

حصہ 5 — اطلاقی، تحریری مہارت کی سرگرمیاں: کُل نمبرات 24

۵۔ (الف) خط یا خلاصہ میں سے کوئی ایک سرگرمی مکمل کیجیے: 6

(ا) ذیل میں صفائی بیداری مہم کا اطلاعاتی کارڈ دیا گیا ہے، اس میں دیئے ہوئے نکات کی مدد سے خط تحریر کیجیے:

★ صفائی کی عادت، صحت کی ضمانت

صفائی بیداری مہم

ایک مثالی شہری کی حیثیت سے اپنے اطراف و اکناف کی صفائی کے آپ بھی ذمہ دار ہیں۔ یہ کام فرض ہے اور لازمی بھی ہے۔
اس لیے اس میں آپ کی شرکت ضروری ہے

مورخہ: یکم اپریل سنہ ۲۰۲۰ء — آغاز: نہرو پتلا

وقت: صبح ۷ سے ۱۰ بجے — اختتام: مہاتما گاندھی چوک

افتتاح بدست مہمانان

زیر اہتمام — گہوارہ ادب ٹرسٹ

فتح میدان، منظور پورہ، مالیگاؤں

P.T.O.

رسمی خط		غیر رسمی خط
اپنے علاقے کے ٹرافک پولس آفیسر سے ریلی کے دوران ٹریفک کے معقول انتظام کی درخواست کیجیے۔ اس میں آپ مزید نکات کا اضافہ کر سکتے ہیں۔	یا	اپنے دوست/سہیلی کو خط لِکھ کر اسے ریلی کی اہمیت سے واقف کریں اور ریلی میں شامل ہونے کی ترغیب دیں۔

یا

(۲) ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھ کر خلاصہ لکھیے : 6

ہمارے معاشرے میں مختلف قسم کے لوگ پائے جاتے ہیں، جن میں امیر و غریب، مفلس و تونگر، سخی و فقیر، مالدار و نادار، تندرست و بیمار ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ غریبوں، مفلسوں اور مستحق لوگوں کے ساتھ تعاون اور ہمدردی، خیر خواہی کے جذبات ہر انسان میں پائے جاتے ہیں۔ تمام مذاہب اپنے ماننے والوں کو اسی کی تعلیم دیتے ہیں۔ لیکن ہمارے معاشرے میں کئی لوگ اس جذبے ہمدردی کا بے جا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ لوگ تندرت ہوتے ہیں۔ لیکن اپنے ساتھ غریبوں، محتاجوں اور بیماروں جیسا برتاؤ چاہتے ہیں۔ وہ مفت خوری کے لالچ میں انسانی مقام سے نیچے گرنے کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ یعنی انہیں اپنے جسم و جان کی قدر و قیمت کا احساس نہیں ہوتا۔ یہ لوگ اس فکر میں ہوتے ہیں کہ انہیں بغیر محنت کے زندگی کی تمام سہولتیں کس طرح مفت حاصل ہو سکتی ہیں۔

(ب) ذیل کی سرگرمیوں میں سے کوئی دو سرگرمیاں ۵۰ تا ۶۰ الفاظ میں مکمل کیجئے: 10

(ا) ذیل کے نکات کی مدد سے اشتہار بنائیے: 5

ریڈی میڈ کپڑوں کا شوروم

افتتاح: _____ دکان کا نام: _____

پُرکشش آفر

تاریخ: _____ پتہ: _____

← سبھی قسم کے ملبوسات

← شادی بیاہ کے لیے خاص اسٹاک

← خصوصی رعایت

نوٹ: زیادہ سے زیادہ خریداری پر یقینی تحفوں کا اعلان

(۲) دیئے گئے نکات کی مدد سے خبر تیار کیجیے: 5

اسکول میں پروگرام کا اختتام ۔۔۔۔۔ طلبہ کا شور ۔۔۔۔۔ اسکول سے باہر ۔۔۔۔۔ بچوں کی شرارت ۔۔۔۔۔ دوڑتے بھاگتے سڑک پار کرنے لگے ۔۔۔۔ اچانک ایک نوجوان تیز بائیک چلاتے ہوئے گذرا ۔۔۔۔ فضا میں چیخ کی آواز ۔۔۔۔ بائیک سوار نوجوان زخمی ۔۔۔۔ دو بچے لہولہان ۔۔۔۔۔ اسپتال میں شریک۔

(۳) دیے گئے نکات کی مدد سے کہانی تحریر کیجیے : 5

دو دوست ۔۔۔۔ نام ۔۔۔۔ جنگل کی سیر ۔۔۔۔ ریچھ کا آنا ۔۔۔۔

ایک دوست کا درخت پر چڑھنا ۔۔۔۔ دوسرے کا زمین پر لیٹنا

۔۔۔۔ ریچھ کا قریب آنا ۔۔۔۔ سونگھنا ۔۔۔۔ ریچھ کا جانا ۔۔۔۔

دونوں دوستوں کی آپس میں گفتگو ۔۔۔۔ کہانی کا اختتام ۔۔۔۔ سبق

(ج) ذیل کے عنوانات میں سے کسی ایک پر ۱۰۰ تا ۱۲۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 8

(۱) اُف ! یہ ٹریفِک

(۲) اگر میں وزیرِ تعلیم ہوتا/ہوتی

(۳) موبائل کے فائدے اور نقصانات